ظُلم کیخلاف مَظلُوموں کی آواز

DAILY AWAZ-E- GUJRANWALA

روزنامہ آوازِ گوجرانوالہ

ڈپٹی ایڈیٹر یوسف بٹ

چیف ایڈیٹر عاطف چاند بٹ

ایڈیٹر شیخ راشد احمد

EMAIL awazegujranwala@gmail.com

| جلد نمبر 09 | بروز جمعۃُ المبارک 24 جنوری 2025ء 2077ب 1442ھ صفحات 4 (قیمت 20 روپے) | شمارہ نمبر 175 |
|---|---|---|

# وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42

# سال آج 24 جنوری 2025 کو مکمل ہو گئے

## 42 سال قبل 1983 کو اسی روز قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا

گوجرانوالہ ) بیورو رپورٹ (وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال آج 24 جنوری 2025 کو مکمل ہو گئے ہیں۔ 42 سال قبل 1983 کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعدازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد کے علاوہ ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 23 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 42 سال کے اس سفر کے دوران ادارہ 23 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے۔ سال 2024 میں وفاقی محتسب نے دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد، بدانتظامی کے خاتمے، گڈ گورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں

I am Sorry !!!!

THE NEWSPAPER
24-01-2025
www.dailythenewspaper.com

# Wafaqi Mohtasib office completes 42 years of its establishment

BY OUR STAFF REPORTER

ISLAMABAD: The Wafaqi Mohtasib, Mr. Ejaz Ahmad Qureshi has urged the Officers and Staff of the Wafaqi Mohtasib office throughout the country to redouble their efforts for providing speedy relief to the public. In a message released on the eve of the Wafaqi Mohtasib Office's 42nd anniversary falling on 24 January, he said that the institution has completed 42 momentous years of unmatched public service. During this period, he said, it has provided relief to more than 2.3 million households all over the country, mostly belonging to the disadvantaged and marginalized segments of the society. He said that the ever increasing number of complaints in this office reflects the public trust and confidence in the capacity of the institution to address issues of maladministration efficiently and expeditiously. Today, its stands as the premier agency of administrative accountability, striving to emerge as the architect of good governance, he added. Following is the text of the Wafaqi Mohtasib's message released on the occasion : Begins: "24 January holds a special significance in the history of the institution of Wafaqi Mohtasib. Having come into existence on this day in 1983, the institution has completed 42 momentous years of growth and unmatched service to the people. During its long journey, it has provided relief to more than 2.3 million households, mostly belonging to the disadvantaged and marginalized segments of the society. Today, it stands as the premier agency of administrative accountability with presence in 24 stations covering all provincial capitals, major population centres as well as far flung areas in the country. Throughout this period, the institution has continuously striven to expand its outreach and accessibility with a view to facilitating dispensation of administrative justice to the general public closer to their homes. The ever increasing number of complaints received in this office is a testament to and clear manifestation of the public trust and confidence in the capacity of this institution to comprehensively address issues of maladministration, inefficiency and neglect. The stature that the institution enjoys today would not have been possible without the untiring efforts of my colleagues at the Head Office and the Regional Offices. They conform to the high standards of public service, devotion to duty and perseverance. As we embark upon the new year, it is imperative for us to continue working with the same spirit, devotion and dedication, which has been our hallmark. We shall not relent in our efforts to redress public complaints speedily. It is about time to renew our unwavering commitment to the cause of ombudsmanship, particularly steadfast adherence to its core values. I am sure that in due course of time, our prestigious institution shall not be merely a complaint redressing office but would emerge as an architect of good governance in the country."

ABC CERTIFIED
لاہور/اسلام آباد/راولپنڈی/گوجرانوالہ/پشاور اور کراچی سے شائع ہونے والا قومی اخبار
روزنامہ سما لاہور
Daily SAMA
چیف ایڈیٹر منور احمد
جلد 17 جمعۃ المبارک 24 جنوری 2025ء 23 رجب المرجب 11 ماگھ، صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ 313

# وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال مکمل

## ملک میں وفاقی محتسب کے 23 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال آج 24 جنوری 2025ء کو مکمل ہو گئے ہیں۔ 42 سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعد ازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد کے علاوہ ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 23 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 42 سال کے اس سفر کے دوران ادارہ 23 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے۔ سال 2024ء میں وفاقی محتسب نے دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد، بدانتظامی کے خاتمے، گڈ گورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے پیغام کا مکمل متن درج ذیل ہے: وفاقی محتسب کے دفتر کے قیام کے سلسلے میں 24 جنوری کی تاریخ کو ایک خصوصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ 42 سال قبل 1983ء کو اسی روز وفاقی محتسب کے ادارے کا قیام عمل میں آیا تھا۔ اس عرصے کے دوران یہ ادارہ لاکھوں پاکستانیوں بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقے کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے میں کوشاں رہا۔

Malikmazhar001 Malikmazhar internationalafnewsandviews@gmail.com

Daily
ATTAL FAISLA
Lahore Gujranwala

روزنامہ
اٹل فیصلہ
لاہور
گوجرانوالہ

Chief Executive
خاکسار، ایچ آر بابر
078300 20908

چیف ایڈیٹر:
ملک مظہر
0308-9020159
0313-8149153
Dailyattalfaisla@gmail.com

صفحات 4، قیمت 10 روپے

جلد نمبر 18، شمارہ نمبر 87 | جمعۃ المبارک 23 رجب المرجب 1446ھ 24 جنوری 2024ء 11 ماگھ 2081 ب، صفحات 4، قیمت 15 روپے

اے ایمان والو اللہ کی خاطر انصاف کی گواہی دینے کے لئے ڈٹ جایا کرو
القرآن

# وفاقی محتسب کے قیام کے 42 سال مکمل ہوگئے

## 42 سال کے دوران 23 لاکھ سے زائد شکایت کنندگان کی داد رسی کی گئی، اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال آج 24 جنوری 2025 کو مکمل ہوگئے ہیں۔ 42 سال قبل 1983 کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعدازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کیئے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد کے علاوہ ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 23 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کررہے ہیں۔ 42 سال کے اس سفر کے دوران ادارہ 23 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے۔ سال 2024 میں وفاقی محتسب نے دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کیئے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہورہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد، بدانتظامی کے خاتمے، گڈگورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے پیغام کا مکمل متن درج ذیل ہے۔ وفاقی محتسب کے دفتر کے قیام کے سلسلے میں 24 جنوری کی تاریخ کو ایک خصوصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ 42 سال قبل 1983 کو اسی روز وفاقی محتسب کے ادارے کا قیام عمل میں آیا تھا۔ اس عرصے کے دوران یہ ادارہ لاکھوں پاکستانیوں بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقے کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے میں کوشاں رہا۔ چار عشرے قبل اس ادارے نے اسلام آباد میں صدر دفتر اور چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اپنے علاقائی دفاتر قائم کر کے جس سفر کا آغاز کیا تھا آج اپنی کارکردگی کے باعث سرکاری محکموں کی بدانتظامی روکنے کا ایک اہم ادارہ بن چکا ہے اور اس کے علاقائی دفاتر ملک کے مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ آج یہ ادارہ جس مقام پر پہنچ چکا ہے، یہ سب مرکزی اور علاقائی دفاتر میں کام کرنے والے میرے رفقائے کار کی انتھک اور پرخلوص محنت کا ثمر ہے۔ سرکاری اداروں کی بدانتظامی، نااہلی اور غفلت کے خلاف ہمارے دفاتر میں شکایات کی مسلسل بڑھتی ہوئی تعداد اس ادارے پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ اس سال بھی ہماری کوشش ہوگی کہ عوام الناس کی فلاح و بہبود اور انہیں ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے لئے اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور ادارے تک عوام الناس کی رسائی آسان بنائی جائے۔ آیئے! نئے سال میں آج کے دن ہم اس عہد کا اعادہ کریں کہ ہم محتسب کے بنیادی تصور کے مطابق عام لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی بھرپور کوششیں اسی جذبے سے جاری رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمارا یہ ادارہ عوامی شکایات کے ازالے کے ساتھ ساتھ بہتر طرز حکمرانی کے قیام، قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ٹھہرے گا۔